# خدا کی نظر سے دیکھنا

## داؤد بادشاہ کا چُناؤ



*ḳhudā kī nazr se dekhnā. dāūd bādshāh kā chunāo*

Seeing through God's Eyes. King David is Chosen

by Bakhtullah

[*Zinda Kalam 12*]

(Urdu—Persian script)

© 2026 Chashma Media.
*published and printed by*
GWCS, New Delhi

Bible text is from UGV.

illus. R. Gunther https://www.freebibleimages.org/illustrations/ls-david-anointed/

*for enquiries or to request more copies:*
askandanswer786@gmail.com

# فہرست


| | |
|---|---|
| خدا کی نظر سے دیکھو | 5 |
| خدا کے کہنے پر عمل کرو | 6 |
| 1 سموایل 16:1-13 | 11 |

ایک دن رب، سموایل نبی سے ہم کلام ہوا،

> مینڈھے کا سینگ زیتون کے تیل سے بھر کر بیت لحم چلا جا۔ وہاں ایک آدمی سے مل جس کا نام یسّی ہے۔ کیونکہ مَیں نے اُس کے بیٹوں میں سے ایک کو چن لیا ہے کہ وہ نیا بادشاہ بن جائے۔

◄ خدا نے سموایل نبی کو کیوں کہا کہ مینڈھے کا سینگ زیتون کے تیل سے بھر لے؟

قدیم زمانے میں مینڈھے کا سینگ برتن کے طور پر استعمال ہوتا تھا۔ آدمی سفر کے لئے اُس میں تیل اُنڈیل کر اپنے ساتھ لے جا سکتا تھا۔

◄ اپنے ساتھ زیتون کا تیل لے جانے کا کیا مقصد تھا؟



ایک خاص آدمی کو تیل سے مسح کرنا تھا یعنی تیل اُس کے سر پر اُنڈیلنا تھا۔

◄ سر پر تیل اُنڈیلنے کا کیا مقصد تھا ؟

سر پر تیل اُنڈیلنے سے خدا یہ کہنا چاہتا تھا کہ مَیں اِس آدمی کو اپنے لئے مخصوص کر رہا ہوں۔ یہی ایک دن اسرائیل کا بادشاہ بنے گا۔ تب لکھا ہے،




سموایل مان گیا۔ جب وہ بیت لحم پہنچ گیا تو لوگ چونک اُٹھے۔ لرزتے لرزتے شہر کے بزرگ اُس سے ملنے آئے اور پوچھا، ”خیریت تو ہے کہ آپ ہمارے پاس آ گئے ہیں؟“ سموایل نے اُنہیں تسلی دے کر کہا، ”خیریت ہے۔ مَیں رب کے حضور قربانی پیش کرنے کے لئے آیا ہوں۔ اپنے آپ کو رب کے لئے مخصوص و مُقدّس کریں اور پھر میرے ساتھ قربانی کی ضیافت میں شریک ہو جائیں۔“ سموایل نے یسّی اور اُس کے بیٹوں کو بھی دعوت دی اور اُنہیں اپنے آپ کو مخصوص و مُقدّس کرنے کو کہا۔



جب یسّی اپنے بیٹوں سمیت قربانی کی ضیافت کے لئے آیا تو سموایل کی نظر اِلیاب پر پڑی۔ اُس نے سوچا، "بے شک یہ وہ ہے جسے رب مسح کرکے بادشاہ بنانا چاہتا ہے۔"

◄ آپ کا کیا خیال ہے؟ کیا سب سے بڑا بیٹا اِلیاب بادشاہ بنے گا؟ نہیں۔ اِس سے ہم پہلا سبق سیکھتے ہیں،



# خدا کی نظر سے دیکھو

لکھا ہے،

> رب نے فرمایا، ”اِس کی شکل و صورت اور لمبے قد سے متاثر نہ ہو، کیونکہ یہ مجھے نامنظور ہے۔ مَیں انسان کی نظر سے نہیں دیکھتا۔ کیونکہ انسان ظاہری صورت پر غور کر کے فیصلہ کرتا ہے جبکہ رب کو ہر ایک کا دل صاف صاف نظر آتا ہے۔“

◄ کیا رب نے سب سے بڑے نوجوان کو چن لیا ؟

نہیں۔

◄ کیوں نہیں؟

اِس لئے کہ خدا ظاہری صورت پر غور کر کے فیصلہ نہیں کرتا۔ وہ دل کو دیکھ کر فیصلہ کرتا ہے۔ تب لکھا ہے،

> پھر یسّی نے اپنے دوسرے بیٹے ابی نداب کو بُلا کر سموایل کے سامنے سے گزرنے دیا۔ سموایل بولا، "نہیں، رب نے اِسے بھی نہیں چنا۔" اِس کے بعد یسّی نے تیسرے بیٹے سمّہ کو پیش کیا۔ لیکن یہ بھی نہیں چنا گیا تھا۔ یوں یسّی نے اپنے سات بیٹوں کو ایک ایک کر کے سموایل کے سامنے سے گزرنے دیا۔ اِن میں سے کوئی رب کا چنا ہوا بادشاہ نہ نکلا۔

◄ کیا خدا نے اِن بیٹوں میں سے کسی کو چن لیا؟
نہیں۔ اب ہم ایک اَور سبق سیکھتے ہیں، یہ کہ

# خدا کے کہنے پر عمل کرو


◄ جب خدا نے سات بیٹوں میں سے کسی کو چننے سے انکار کیا تو کیا سموایل مایوس ہوا؟



نہیں۔ وہ جانتا تھا کہ خدا کا کوئی منصوبہ ہے جو اب تک نظر نہیں آتا۔ اِس لئے لکھا ہے،

> آخر کار سموایل نے پوچھا، "اِن کے علاوہ کوئی اَور بیٹا تو نہیں ہے؟"
> یسّی نے جواب دیا، "سب سے چھوٹا بیٹا ابھی باقی رہ گیا ہے، لیکن وہ باہر کھیتوں میں بھیڑ بکریوں کی نگرانی کر رہا ہے۔"

سموایل نے کہا، ”اُسے فوراً بُلا لیں۔ اُس کے آنے تک ہم کھانے کے لئے نہیں بیٹھیں گے۔“
چنانچہ یسّی چھوٹے کو بُلا کر اندر لے آیا۔ یہ بیٹا گورا تھا۔ اُس کی آنکھیں خوب صورت اور شکل و صورت قابلِ تعریف تھی۔
رب نے سموایل کو بتایا، ”یہی ہے۔ اُٹھ کر اِسے مسح کر۔“



◄ خدا نے کس کو چن لیا؟
حضرت داؤد کو۔ سب سے چھوٹے بیٹے کو۔

► داؤد کیسا تھا؟

وہ گورا تھا۔ اُس کی آنکھیں خوب صورت اور شکل و صورت قابلِ تعریف تھی۔

► کیا وہ اپنے بھائیوں جیسا بڑا اور طاقت ور لگ رہا تھا؟

نہیں۔ تب لکھا ہے،



سموایل نے تیل سے بھرا ہوا مینڈھے کا سینگ لے کر اُسے داؤد کے سر پر اُنڈیل دیا۔ سب بھائی موجود تھے۔ اُسی وقت رب کا روح داؤد پر نازل ہوا اور اُس کی ساری عمر اُس پر ٹھہرا رہا۔ پھر سموایل رامہ واپس چلا گیا۔

◄ سموایل نے خدا کے کہنے پر کیا کِیا ؟

اُس نے داؤد کے سر پر تیل اُنڈیل دیا۔

◄ جب اُس نے داؤد کے سر پر تیل اُنڈیلا تو کیا ہوا ؟

رب کا روح داؤد پر نازل ہوا اور ساری عمر اُس پر ٹھہرا رہا۔

◄ اِس کا کیا مطلب ہے؟

مطلب یہ ہے کہ اُسے خدا سے خاص اختیار مل گیا۔ ایسا اختیار جس سے وہ پوری زندگی بادشاہ کی ذمے داریاں نبھا سکا۔

◄ کیا آپ سموایل کی طرح خدا کی نظر سے حالات اور لوگوں کو پرکھتے ہیں؟ کیا آپ خدا کے کہنے پر ہی عمل کرتے ہیں؟

ہر کام میں دعا کریں کہ آپ خدا کی نظر سے دیکھ سکیں اور اُسی کے کہنے پر عمل کریں۔ تب ہی کامیابی یقینی ہو گی۔

# 1 سموایل 16:1-13

ایک دن رب سموایل سے ہم کلام ہوا، ”تُو کب تک ساؤل کا ماتم کرے گا؟ مَیں نے تو اُسے رد کر کے بادشاہ کا عُہدہ اُس سے لے لیا ہے۔ اب مینڈھے کا سینگ زیتون کے تیل سے بھر کر بیت لحم چلا جا۔ وہاں ایک آدمی سے مل جس کا نام یسّی ہے۔ کیونکہ مَیں نے اُس کے بیٹوں میں سے ایک کو چن لیا ہے کہ وہ نیا بادشاہ بن جائے۔“

لیکن سموایل نے اعتراض کیا، ”مَیں کس طرح جا سکتا ہوں؟ ساؤل یہ سن کر مجھے مار ڈالے گا۔“

رب نے جواب دیا، ”ایک جوان گائے اپنے ساتھ لے کر لوگوں کو بتا دے کہ مَیں اِسے رب کے حضور قربان کرنے کے لئے آیا ہوں۔ یسّی کو دعوت دے کہ وہ قربانی کی ضیافت میں شریک ہو جائے۔ آگے مَیں تجھے بتاؤں گا کہ کیا کرنا ہے۔ مَیں تجھے دکھاؤں گا کہ کس بیٹے کو میرے لئے مسح کر کے چن لینا ہے۔“

سموایل مان گیا۔ جب وہ بیت لحم پہنچ گیا تو لوگ چونک اُٹھے۔ لرزتے لرزتے شہر کے بزرگ اُس سے ملنے آئے اور پوچھا، ”خیریت تو ہے کہ آپ ہمارے پاس آ گئے ہیں؟“
سموایل نے اُنہیں تسلی دے کر کہا، ”خیریت ہے۔ مَیں رب کے حضور قربانی پیش کرنے کے لئے آیا ہوں۔ اپنے آپ کو رب کے لئے مخصوص و مُقدّس کریں اور پھر میرے ساتھ قربانی کی ضیافت میں شریک ہو جائیں۔“ سموایل نے یسّی اور اُس کے بیٹوں کو بھی دعوت دی اور اُنہیں اپنے آپ کو مخصوص و مُقدّس کرنے کو کہا۔
جب یسّی اپنے بیٹوں سمیت قربانی کی ضیافت کے لئے آیا تو سموایل کی نظر اِلیاب پر پڑی۔ اُس نے سوچا، ”بے شک یہ وہ ہے جسے رب مسح کر کے بادشاہ بنانا چاہتا ہے۔“
لیکن رب نے فرمایا، ”اِس کی شکل و صورت اور لمبے قد سے متاثر نہ ہو، کیونکہ یہ مجھے نامنظور ہے۔ مَیں انسان کی نظر سے نہیں دیکھتا۔

کیونکہ انسان ظاہری صورت پر غور کرکے فیصلہ کرتا ہے جبکہ رب کو ہر ایک کا دل صاف صاف نظر آتا ہے۔"

پھر یسّی نے اپنے دوسرے بیٹے ابی نداب کو بُلا کر سموایل کے سامنے سے گزرنے دیا۔ سموایل بولا، "نہیں، رب نے اِسے بھی نہیں چنا۔" اِس کے بعد یسّی نے تیسرے بیٹے سمّہ کو پیش کیا۔ لیکن یہ بھی نہیں چنا گیا تھا۔ یوں یسّی نے اپنے سات بیٹوں کو ایک ایک کرکے سموایل کے سامنے سے گزرنے دیا۔ اِن میں سے کوئی رب کا چنا ہوا بادشاہ نہ نکلا۔ آخرکار سموایل نے پوچھا، "اِن کے علاوہ کوئی اَور بیٹا تو نہیں ہے؟"

یسّی نے جواب دیا، "سب سے چھوٹا بیٹا ابھی باقی رہ گیا ہے، لیکن وہ باہر کھیتوں میں بھیڑ بکریوں کی نگرانی کر رہا ہے۔"

سموایل نے کہا، "اُسے فوراً بُلا لیں۔ اُس کے آنے تک ہم کھانے کے لئے نہیں بیٹھیں گے۔"

چنانچہ یسّی چھوٹے کو بُلا کر اندر لے آیا۔ یہ بیٹا گورا تھا۔ اُس کی آنکھیں خوب صورت اور شکل و صورت قابلِ تعریف تھی۔ رب نے سموایل کو بتایا، ”یہی ہے۔ اُٹھ کر اِسے مسح کر۔“ سموایل نے تیل سے بھرا ہوا مینڈھے کا سینگ لے کر اُسے داؤد کے سر پر اُنڈیل دیا۔ سب بھائی موجود تھے۔ اُسی وقت رب کا روح داؤد پر نازل ہوا اور اُس کی ساری عمر اُس پر ٹھہرا رہا۔ پھر سموایل رامہ واپس چلا گیا۔